کی ترقی کا دارومدار مضبوط اور بہتر مواصلاتی نظام پر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کے تحت سڑکوں کی تعمیر، مرمت اور بحالی کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ دور دراز علاقوں کو ضلعی اور صوبائی مراکز سے منسلک کرنے کیلئے سڑکوں کے نیٹ ورک کو مزید وسعت دی جا رہی ہے تاکہ عوام کو آمدورفت میں آسانی میسر آئے اور تجارتی سرگرمیوں کو بھی فروغ حاصل ہو۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ حکومت عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھا رہی ہے۔ جن علاقوں میں سڑکیں خستہ حالی کا شکار ہیں وہاں بحالی کے کاموں کو تیز کیا جائے گا، جبکہ اہم شاہراہوں اور رابطہ سڑکوں کی بہتری کیلئے بھی جامع منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات کا کہنا تھا کہ عوامی مسائل کے حل کیلئے ان کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں اور عوام اپنے مسائل اور مشکلات براہ راست ان تک پہنچا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا معیار بہتر بنانے اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے متعلقہ حکام کو واضح ہدایات دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ سڑکوں اور دیگر تعمیراتی منصوبوں کی نگرانی کیلئے متعلقہ افسران کو متحرک کیا گیا ہے تاکہ قومی خزانے سے خرچ ہونے والے وسائل کا درست استعمال یقینی بنایا جا سکے اور عوام کو پائیدار منصوبوں کی شکل میں زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ بلوچستان ایک وسیع صوبہ ہے اور یہاں مواصلاتی نظام کو بہتر بنانا ایک بڑا چیلنج ہے، تاہم حکومت دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے اس شعبے پر بھرپور توجہ دے رہی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 03 SEP 2026 Page No. 16

# تمام سیکرٹریز ملازمین کی مستقل حاضری یقینی بنائیں، چیف سیکرٹری

## حاضری کا ٹھوس نظام، ذمہ دارانہ نگرانی اور غیر حاضر ملازمین کے خلاف کارروائی سے شفافیت اور عوامی اعتماد میں اضافہ ہوگا

**تمام محکموں میں فوری طور پر پرنسپل انفارمیشن آفیسر مقرر کیے جائیں، شکیل قادر خان کا سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (ن ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں تمام انتظامی سیکرٹریز سمیت ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں صوبائی سطح پر انتظامی کارکردگی، ترقیاتی منصوبوں، دفاتر میں افسران و عملے کی حاضری کو یقینی بنانا، خالی آسامیوں اور عوامی خدمات کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں تمام محکموں کی سرکاری گاڑیوں کی کنڈیمنیشن کا معاملہ بھی زیر غور آیا۔ اس موقع پر سرکاری گاڑیوں کی موجودہ حالت، ناقابل استعمال گاڑیوں کی نشاندہی اور انہیں قواعد و.........

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ضوابط کے مطابق کنڈیم یا نیلام کرنے کے عمل کا جائزہ لیا گیا تاکہ سرکاری وسائل کا موثر اور شفاف استعمال یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں مختلف محکموں میں خالی آسامیوں کی تفصیلات، ترقی کے منتظر ملازمین اور ابتدائی بھرتیوں سے متعلق امور پر بھی غور کیا۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ خالی آسامیوں، ترقیوں اور بھرتیوں کے معاملات قواعد و ضوابط، میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق نمٹائے جائیں تاکہ محکموں کی کارکردگی متاثر نہ ہو۔ چیف سیکرٹری شکیل قادر خان نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اجلاس کے فیصلوں پر مقررہ مدت کے اندر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

INTEKHAB QUETTA

# اسامیوں، ترقی و بھرتی کے معاملات قواعد و ضوابط کے تحت یقینی بنائے جائیں، چیف سیکرٹری

## سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس، تمام محکموں کی سرکاری گاڑیوں کی کنڈیمنیشن، خالی اسامیوں کی تفصیلات، ترقی کے منتظر ملازمین سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا

**سیکرٹریز اپنے محکموں میں پرنسپل انفارمیشن افسر مقرر اور ویب سائٹس فعال کریں، ہدایت، عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات جاری رہیں گے، شکیل قادر**

کوئٹہ (ء ن) چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس ہوا، اجلاس میں تمام انتظامی سیکرٹریز سمیت ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں صوبائی سطح پر انتظامی کارکردگی، ترقیاتی منصوبوں، دفاتر میں افسران و عملے کی حاضری کو یقینی بنانا، خالی اسامیوں اور عوامی خدمات کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں تمام محکموں کی سرکاری گاڑیوں کی کنڈیمنیشن کا معاملہ بھی زیر غور آیا۔ اس موقع پر سرکاری گاڑیوں کی موجودہ حالت، ناقابل استعمال گاڑیوں کی نشاندہی اور انہیں قواعد و ضوابط کے مطابق کنڈیم یا نیلام کرنے کے عمل کا جائزہ لیا گیا تاکہ

بقیہ نمبر 58 صفحہ 5 پر

سرکاری وسائل کا موثر اور شفاف استعمال یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں مختلف محکموں میں خالی اسامیوں کی تفصیلات، ترقی کے منتظر ملازمین اور ابتدائی بھرتیوں سے متعلق امور پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ خالی اسامیوں، ترقیوں اور بھرتیوں کے معاملات قواعد و ضوابط، میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق نمٹائے جائیں تاکہ محکموں کی کارکردگی متاثر نہ ہو۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اجلاس کے فیصلوں پر مقررہ مدت کے اندر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام سیکرٹریز اپنے اپنے محکموں میں ملازمین کی بروقت اور مستقل حاضری کو یقینی بنائیں تاکہ عوامی سہولیات بروقت اور موثر انداز میں فراہم ہوں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام سیکرٹریز اپنے متعلقہ محکموں میں فوری طور پر پرنسپل انفارمیشن افسر مقرر کریں کیونکہ رائٹ ٹو انفارمیشن قانون کے تحت عوام کو معلومات تک رسائی کا حق حاصل ہے۔ اس تعیناتی سے نہ صرف درخواستوں کے بروقت ازالے میں مدد ملے گی بلکہ سرکاری امور میں شفافیت، جوابدہی اور عوامی اعتماد بھی مضبوط ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیکرٹریز اپنے متعلقہ محکموں کی ویب سائٹس فعال کریں تاکہ عوام تک بروقت معلومات پہنچ سکیں۔ ویب سائٹ پر تازہ ترین خبریں، اقدامات اور خدمات کی تفصیلات باقاعدگی سے اپڈیٹ کرنے سے شفافیت بڑھے گی اور شہریوں کو ضروری معلومات حاصل کرنے میں آسانی ہوگی۔ چیف سیکرٹری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبائی محکموں کی کارکردگی میں بہتری، انتظامی شفافیت، میرٹ پر بھرتیوں اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لئے موثر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ اجلاس میں گزشتہ اجلاس کے دوران جاری کیے گئے احکامات پر عملدرآمد کی صورتحال بھی پیش کی گئی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 03 SEP 2026 Page No. 17


## کوئٹہ شہر میں صفائی کا نظام جدید اور موثر بنایا جارہا ہے، سیکرٹری بلدیات

روف بلوچ کی زیر صدارت سالڈ ویسٹ مینجمنٹ منصوبہ، فنڈز کے اجرا اور پیش رفت بارے اجلاس کا انعقاد

منصوبے کی رفتار تیز، فنڈز ایسکرو اکاؤنٹ میں منتقل کرنے کیلئے انتظامی امور جلد مکمل کئے جائیں، سیکرٹری کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری محکمہ بلدیات و دیہی ترقی بلوچ عبدالروف بلوچ کی زیر صدارت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP) موڈ کے تحت مربوط ٹھوس کچرے کے انتظام Integrated) (ManagemenWasteSolid منصوبے کے لیے مطلوبہ فنڈز کے اجراء اور SAFA کوئٹہ کی پیش رفت کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ نظر زہری سمیت متعلقہ افسران اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید موثر، منظم اور جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت جاری منصوبے سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بالخصوص منصوبے کے لیے مطلوبہ فنڈز کے اجراء، مالیاتی امور AccountEscrow میں فنڈز کی منتقلی، منصوبے پر عملدرآمد کی پیش رفت اور SAFA کوئٹہ کی جانب سے فراہم کی جانے والی خدمات سمیت دیگر متعلقہ معاملات پر غور وخوض کیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے منصوبے کی موجودہ صورتحال، پیش رفت اور درپیش مسائل سے متعلق سیکرٹری بلدیات کو تفصیلی بریفنگ بھی دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری محکمہ بلدیات و دیہی ترقی عبدالروف بلوچ نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی اور ٹھوس کچرے کے موثر انتظام کو بہتر بنانا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ WasteSolidIntegrated ProjectManagenent کے ذریعے شہر میں کچرے کی صفائی، جمع آوری، منتقلی اور مناسب طریقے سے تلف کرنے کے نظام کو جدید اور موثر بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے سے متعلق مالیاتی اور انتظامی امور کو مقررہ طریقہ کار کے مطابق جلد از جلد مکمل کیا جائے، تاکہ مطلوبہ فنڈز متعلقہ Escrow Account میں منتقل کیے جاسکیں متعلقہ افسران نے اجلاس کو یقین دہانی کرائی کہ منصوبے پر عملدرآمد کے حوالے سے طے شدہ اقدامات کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

---

JANG QUETTA

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو دن کے وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ جس میں بی این پی عوامی کے سربراہ میر اسداللہ بلوچ پنجگور، خضدار، دالبندین اور ژوب کے ہوائی اڈوں سے ملک کے اہم شہروں بالخصوص کوئٹہ، کراچی، لاہور اور اسلام آباد کے لئے باقاعدہ پروازوں کی بحالی اور تسلسل کو یقینی بنانے، جمعیت علماء اسلام کے رکن اسمبلی اصغر علی ترین سندھ میں پشتون تاجروں کے خلاف کارروائی کرنے والے پولیس اہلکاروں کیخلاف فوری کارروائی اور سندھ میں پشتون تاجر برادری اور ان کے کاروبار کو مکمل تحفظ فراہم کرنے، رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن منشیات کے استعمال و فروخت اور اسمگلنگ کے خلاف سخت قوانین مرتب کرنے کو یقینی بنانے، انسداد منشیات کے اداروں کو جدید ترین آلات اور وسائل فراہم، اسکولز، کالجز، یونیورسٹیوں اور کمیونٹی سینٹرز میں منشیات کے نقصانات کے حوالے سے تربیتی ورکشاپ اور آگاہی پروگرام منعقد اور جمعیت علماء اسلام کے رکن میر ظفر علی آغا صوبے میں کینسر جیسے موذی مرض کے علاج کیلئے موجودہ سہولیات کو فوری طور پر وسعت دیتے ہوئے صوبے میں اعلیٰ معیار کے کینسر ہسپتال کے قیام سے متعلق الگ الگ قراردادیں پیش کریں گے۔

---

INTEKHAB QUETTA

## چین کے غربت خاتمے کے تجربے سے رہنمائی ممکن، بلوچستان کی پالیسی تحقیق

چینی ماڈل کی من وعن نقل کے بجائے مقامی حالات سے ہم آہنگ کرنے کی تجویز، دیہی ترقی، فنی تعلیم، زراعت، روزگار اور عوامی خدمات پر سرمایہ کاری کی سفارش

کوئٹہ (این این آئی) یونیورسٹی آف بلوچستان کی جانب سے شائع کردہ نئی پالیسی تحقیق میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان چین کے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ غربت کے خاتمے کے تجربے سے عملی رہنمائی حاصل کرسکتا ہے، تاہم چینی ترقیاتی حکمت عملیوں کو من وعن اپنانے کے بجائے مقامی حالات کے مطابق ڈھالنے کی ضرورت ہے۔ گوادر پرو کے مطابق 49 صفحات پر مشتمل تحقیق "چین کا غربت کے خاتمے کا ماڈل اور بلوچستان کے لیے اسباق، بلوچستان میں جامع اور پائیدار ترقی کے لیے پالیسی آپشنز" کے عنوان سے مرتب کی گئی ہے، جس کے مصنف ڈاکٹر سراج بشیر بلوچ ہیں۔ تحقیق یونیورسٹی آف بلوچستان میں قائم گورنمنٹ انوویشن لیب (GIL) نے شائع کی ہے۔ گورنمنٹ انوویشن لیب حکومت بلوچستان کے محکمہ منصوبہ بندی و ترقی کا اقدام ہے، جسے اقوام متحدہ بقیہ نمبر 68 صفحہ 5 پر

کے ترقیاتی پروگرام (UNDP) کی معاونت حاصل ہے جبکہ یونیورسٹی کا آفس آف ریسرچ، انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن (ORIC) تحقیق پر مبنی پالیسی حل کے فروغ کیلئے کام کرتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق تحقیق میں سرکاری رپورٹس، پالیسی دستاویزات، بین الاقوامی ترقیاتی اداروں کے مواد اور علمی ذرائع سے حاصل ثانوی اعداد وشمار استعمال کیے گئے۔ چین کی غربت کے خاتمے کی پالیسیوں اور بلوچستان کے سماجی و اقتصادی حالات کا تقابلی جائزہ لے کر قابل عمل پالیسی اقدامات کی نشاندہی کی گئی۔ تحقیق میں واضح کیا گیا ہے کہ چین اور بلوچستان کے طرز حکمرانی، سیاسی، ادارہ جاتی اور سماجی و ثقافتی حالات میں نمایاں فرق ہے اس لیے چینی ترقیاتی ماڈل کو مکمل طور پر نقل نہیں کیا جاسکتا، تاہم اس کے منتخب پالیسی اقدامات بلوچستان کیلئے قابل استفادہ ہیں۔ مطالعے کے مطابق چین میں غربت کے خاتمے کی کامیابی طویل مدتی منصوبہ بندی، ہدفی اقدامات، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور انسانی و طبعی سرمائے میں مسلسل سرمایہ کاری کا نتیجہ تھی۔ چین نے محض نقدی پروگراموں پر انحصار کرنے کے بجائے دیہی ترقی، بنیادی ڈھانچے، روزگار، تعلیم، صحت، ہنر اور موثر طرز حکمرانی پر توجہ دی۔ تحقیق کے مطابق بلوچستان میں غربت ایک کثیر الجہتی مسئلہ ہے جس پر کمزور بنیادی ڈھانچے، انسانی سرمائے کی کمی، حکمرانی کے مسائل، موسمیاتی خطرات اور ترقی کے غیر مساوی مواقع اثر انداز ہوتے ہیں۔ چین کے تجربے کو مقامی حالات سے ہم آہنگ کرکے دیہی انفراسٹرکچر، فنی و پیشہ ورانہ تعلیم کے فروغ، زراعت، علاقائی رابطے، چھوٹے اور درمیانے کاروبار کی معاونت اور عوامی خدمات کی فراہمی بہتر بنا کر غربت میں کمی لائی جاسکتی ہے۔

## پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، اسکولوں میں اضافی کمروں کی تعمیر، چیک جاری

صدارت سیکرٹری تعلیم نے کی، پراجیکٹ ڈائریکٹر نجیب ترین نے بریفنگ دی، منصوبہ خوش آئند، لعل جان جعفر

کوئٹہ (آن لائن) پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت اسکولوں میں اضافی کمروں کی تعمیر کے منصوبے میں پیش رفت جاری ہے، پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ نے کوئٹہ اور پشین کے 10 پی پی ایس ایم سیز کو دوسری، تیسری اور چوتھی قسط کی مد میں مجموعی طور پر 12.58 ملین روپے کے چیک جاری کردیے۔ چیک کی تقسیم کے سلسلے میں منعقدہ تقریب کی صدارت سیکرٹری محکمہ تعلیم لعل جان جعفر نے کی۔ تقریب بقیہ نمبر 80 صفحہ 5 پر

کے دوران کوئٹہ اور پشین کے مختلف اسکولوں میں جاری اضافی کمروں کی تعمیر کے کام کا اسکول وار جائزہ لیا گیا جبکہ پراجیکٹ ڈائریکٹر نجیب اللہ ترین نے پراجیکٹ سے متعلق پیشرفت، تعمیراتی معیار، اقساط اور فنڈز کے اجراء کے طریقہ کار پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ 10 اسکولوں میں اضافی کلاس رومز کی تعمیر کے لئے مجموعی طور پر 35.28 ملین روپے کی رقم مختص کی گئی جبکہ تعمیراتی کام کی پیشرفت کے مطابق اب تک دوسری، تیسری اور چوتھی قسط کی مد میں 12.58 ملین روپے جاری کیے گئے ہیں۔ سیکرٹری محکمہ تعلیم نے منصوبے کو سراہتے ہوئے پی پی ایس ایم سیز کے ذریعے اسکولوں میں اضافی کلاس رومز کی تعمیر کے عمل کو خوش آئند قرار دیا۔ اس موقع پر پی پی ایس ایم سیز کے نمائندوں اور سربراہان نے بھی منصوبے کے حوالے سے اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 03 SEP 2025 Page No. 12


# بلوچستان کے مسائل کا حل اور ترقی کو یقینی بنایا جائیگا، سردار ایاز صادق


MASHRIQ QUETTA


# تعمیراتی کام کے معیار، شفافیت اور کوالٹی کنٹرول پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، سیکرٹری

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 SEP 2026 Page No. 19


## پشتون افغان ملت کو زندگی کے ہر شعبے میں مشکلات درپیش ہیں، پشتونخوا نیپ

آل پارٹیز اور انجمن تاجران کے تحت 4 ستمبر کو سرانان بازار اور 7 ستمبر کو پشین میں احتجاج اور جلسے ہونگے، عیسیٰ روشان

جنوبی پشتونخوا میں مسلط دہشتگردی کی حالیہ لہر حکومت اور ان کے اداروں کی ناکامی کا واضح ثبوت ہے، علی ترین، سید احسان

پشین (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پشتون افغان ملت کو زندگی کے ہر شعبے میں مشکلات درپیش ہیں، اس صورتحال سے نجات کیلئے قومی اتحاد و اتفاق اور سیاسی جمہوری قوتوں کی مشترکہ کوششوں کے تحت مشترکہ جدوجہد اور تحریک شروع کر سکتی ہے، پشتونخوا وطن پر مسلط جنگی دہشتگردی، بدامنی اور لاقانونیت منصوبہ بند سازش کے تحت پشتون ملت کو اپنے سیاسی، معاشی، ثقافتی، واک و اختیار کے حصول کی جدوجہد سے دستبردار کرنے کی پشتون دشمن سازش ہے جس سے ہر صورت ناکام بنایا جائیگا۔ پارٹی کے عہدیداران و کارکن اپنی ........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7

تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر پارٹی کو مزید فعال، وسیع اور مستحکم بنانے کیلئے اپنی جدوجہد مزید تیز کریں۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری جنرل علی ترین، سید احسان آغا، مجید ریاض اور ملا وگ کے ارکان مولوی فضل کریم نے ضلع پشین کے ضلعی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں گزشتہ رپورٹ پیش کی گئی اور اس کا جائزہ لیا گیا اور مسلط جنگی دہشتگردی کے خلاف ضلع پشین کی آل پارٹیز اور انجمن تاجران کے زیر اہتمام 4 ستمبر کو سرانان بازار اور 7 ستمبر کو پشین بازار میں احتجاجی ریلیوں اور احتجاجی جلسوں کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور مختلف علاقائی یونٹوں کے اجلاسوں کا انعقاد کا فیصلہ کیا گیا۔ پارٹی رہنماؤں نے کہا کہ جنوبی پشتونخوا میں مسلط جنگی دہشتگردی کی حالیہ لہر حکومت اور ان کے اداروں کی ناکامی کا واضح ثبوت ہے کیونکہ حکومت اور ان کے اداروں کی پہلی ذمہ داری عوام کے سر و مال و عزت کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے لیکن بدامنی اور لاقانونیت کی صورتحال دن بدن بڑھ رہی ہے اور زیارت شہداء کے ورثاء کمیٹی کے ساتھ صوبے میں جو وعدے کیے گئے تھے ان پر بھی عملدرآمد نہیں ہو رہا، زیارت، ہرنائی، شاہرگ اور ان کے ملحقہ آس پاس علاقوں میں مسلح جتھے اب بھی موجود ہیں اور غریب عوام کے خلاف جرائم میں ملوث ہیں جبکہ اس دوران سرانان اور زیارت کراس کے دہشتگردی کے واقعات اور طوطی حرمسر کی عدم گرفتاری حکومت اور ان کے اداروں کی دوغلاپن کو ظاہر کرتی ہے جو قابل مذمت اور ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنوں نے پارٹی اجلاسوں کے بروقت انعقاد اور ان کے فیصلوں پر بروقت عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنانا ہوگا اور اپنے پارٹی کے تنظیمی کام کو سرانجام دینے میں کوتاہی سے گریز کرنا ہوگا اور تمام تنظیمی فعالیت کو مضبوط بنیادوں پر مزید فعال بنانا ہوگا اور پارٹی اجلاسوں کے فیصلہ شدہ نکات پر عملدرآمد کرتے ہوئے ہر ہفتے کی بنیاد پر ان کا جائزہ لینا ضروری ہے۔


JANG QUETTA


## بلوچستان میں بدامنی، دہشتگردی، بارڈر اور شاہراہوں کی بندش کیخلاف آج شٹر ڈاؤن ہوگا، جماعت اسلامی

ملک بھر کی طرح بلوچستان کے تمام شہر بھی مکمل طور پر بند ہوں گے، حکمران بلوچستان میں امن بحال کریں، ہدایت الرحمٰن

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان [illegible] ہدایت الرحمٰن [illegible] نے کہا ہے کہ 3 ستمبر کو ملک بھر کی طرح بلوچستان بھر میں بھی [illegible]

[illegible]

[illegible] کی ہے۔ 3 ستمبر کو ملک بھر کی طرح بلوچستان کے تمام [illegible]

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 SEP 2026 Page No. 20


## قیمتی وسائل پر قبضے کیلئے بدامنی میں اضافہ کیا جارہا ہے، نواب ایاز جوگیزئی

پشتونخوا وطن کی معدنیات اور قدرتی خزانوں پر قبضہ جمانے کیلئے ہمارے وطن کا سودا غیروں سے کر دیا گیا ہے

کامیاب تاریخی جرگہ کے انعقاد پر جنوبی پشتونخوا کے تمام عوام اور پشتون قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، مرکزی سیکرٹری

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے پشتونخوا میپ کے چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی کی دعوت پر کوئٹہ میں 31,30 اگست اور یکم ستمبر 2026 منعقدہ سہ روزہ پشتون قومی جرگہ (جنوبی پشتونخوا) کے اختتام پر صدارتی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کامیاب تاریخی جرگہ کے انعقاد پر جنوبی پشتونخوا کے تمام عوام اور پشتون قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اب ہم سب نے ہمت کرلی ہوگی اور اپنی حالت خود بدلنے کے لیے قدم اٹھانے ہوں گے۔ اتحاد و اتفاق اور یکجہتی کی جو مثال آج آپ نے پیش کی ہے یہ ہمارے تاریخ کا حصہ اور آنے والی نسلوں کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا۔ پشتونخوا وطن کی معدنیات اور تمام قدرتی خزانوں پر قبضہ جمانے کے لیے چند لوگوں نے ہمارے وطن کا سودا غیروں سے کرکے دہشت گردی کے ذریعے ہمیں اپنے وطن کی زمین ملکیت حق کے حاکمیت اور حق کے خود ارادیت سے محروم کرنا چاہتے ہیں۔ جرگہ کی تمام کمیٹیاں قابل داد قابل تحسین ہیں۔ آج جنوبی پشتونخوا نے اپنے تمام اضلاع میں 1400 سے زائد ممبران کا انتخاب کرکے اپنے مستقبل کو سنوارنے اور ........ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کمزور بنانے کا تاریخی فیصلہ کیا ہر صورت میں اسے عملی جامہ پہنا کر رہیں گے۔ بدامنی دراصل قبضہ گر قوتوں کی جانب سے پیدا کردہ ہے جہاں وسائل دریافت ہوں وہاں دہشت گردی کو پھیلایا جاتا ہے تاکہ لوگوں کو ڈرا دھمکا کر قتل و غارت، خوف وہراس میں ڈال کر ان کی قدرتی وسائل پر قبضہ کیا جا سکے ان کی زمینیں الاٹ کی جائیں اور انہیں نقل مکانی پر مجبور کیا جائے۔ 21 ویں صدی میں عوام کے ساتھ ایسی سازش کامیاب نہیں ہوسکتی۔ نواب ایاز خان جوگیزئی نے کہا کہ پشتونخوا وطن کو مختلف سازشوں کے ذریعے تباہی و بربادی کے دہانے پر لا کھڑا کیا گیا ہے۔ پہلے یہاں کے عوام کا معاشی قتل عام کیا گیا اور اب تو سرعام مختلف ناموں سے لوگوں کو قتل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست ہمارے ساتھ جو کچھ کر رہی ہے وہ اب ناقابل برداشت ہوتا جا رہا ہے۔ سہ روزہ جرگے میں مختلف مکتبہ فکر اور نظریات و زندگی کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والوں نے جو تقاریر کی ہیں اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ انسان ہر طرح کے حالات میں گزارا کر سکتا ہے لیکن بدامنی میں نہیں۔ اب تو بدامنی دہشت گردی اور لاقانونیت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ لوگ خود کو اپنے گھروں کے اندر بھی محفوظ نہیں سمجھ رہے۔ مختلف ناموں سے لوگوں کو یہاں لا کر بسایا جا رہا ہے اور پتہ نہیں کن مقاصد کے لیے انہیں وقتاً فوقتاً استعمال کیا جائے گا۔ ان گھمبیر حالات اور دگرگوں صورتحال کو دیکھ کر شہدائے زیارت کے دھرنے سے ہی سب نے یہی تجویز پیش کی تھی کہ جرگہ بلا کر اپنے مسائل کے فیصلے اپنے مستقبل کے فیصلوں پر غور کیا جائے گا۔ آج کا یہ تین روزہ تاریخی جرگہ جو منعقدہ 11 تا 14 مارچ 2022 جرگے کے فیصلوں کی کڑی ہے اور موجودہ صورتحال کو پرکھتے

اور وطن کو بچانے کے لیے فیصلہ کن ادارہ بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرگے نے جو فیصلے کیے اور اپنے ادارے بنائے اب یہ ادارے خود ہی پشتونخوا وطن کے تمام اندرونی خلفشار اور جھگڑوں، قبائلی رنجشوں کے فیصلے کریں گے اور تمام پشتون اپنی آپس کی رنجش اور دشمنیاں ختم کرکے متحد و منظم ہو کر دشمن کے سازشوں کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جرگے کی تمام کمیٹیاں اصل عوامی طاقت کا منبع ہوں گی۔ پشتنی دود دستور، اعلیٰ روایات، انصاف کے تقاضوں پر مبنی اور غیر جانبدارانہ فیصلوں پر انہیں قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ اور ان کے فیصلوں پر عملدرآمد یقینی بنانا ہوگا۔ نواب ایاز خان جوگیزئی نے کہا کہ میں اب تک سینکڑوں قتل کے فیصلے کیے ہیں اور سب سے پہلے میں نے دشمنی میں دیت کے طور پر عورت دینے کی رسم کو ختم کرنے کا اعلان کیا، جب میں نے نوابی کی دستار باندھی تو سب سے پہلے یہ فیصلہ کیا کہ عورت کو بدی، دشمنی میں عوض کے طور پر نہیں دیا جائے گا جو بہت انسان دشمن رسم تھی ہمیں اپنی عورتوں کو جائیدادوں میں حصہ دینا ہوگا۔ عورت کو سیال بنانا ہوگا۔ تب سے آج تک دشمنی میں عورت نہیں دی گئی جس پر میں تمام پشتون عوام کا شکریہ ادا کرتا ہوں ہمیں عورتوں کو انسان سمجھنا ہوگا انہیں اپنا اسلامی اور پشتنی اعلیٰ روایات کے مطابق حق دینا ہوگا

## مقامی قبائل کی اراضی کی الاٹمنٹ مسترد کرتے ہیں، پشتون قومی جرگہ

2024 انتخابات فراڈ تھے، موجودہ مسلط کردہ اسمبلیوں کا خاتمہ کرکے نئے سرے سے ملک میں غیر جانبدارانہ انتخابات کرائے جائیں

جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع اور شہروں میں [illegible] جرگہ کا اعلامیہ جاری، اعلامیہ محمود خان اچکزئی نے پیش کیا

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی دعوت پر پشتون جرگہ 2022 کے فیصلوں کی روشنی میں 31,30 اگست اور یکم ستمبر 2026 کو کوئٹہ میں جنوبی پشتونخوا کے عوام اور پشتونوں کا جرگہ پشتونخوا ملی عوامی ...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کی زیر صدارت ہوا۔ جرگہ کا اعلامیہ پشتونخوا میپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی نے پیش کیا جس میں کہا گیا کہ جرگہ جنوبی پشتونخوا میں موجودہ سیاسی، آئینی، جمہوری اور امن وامان کی انتہائی بگڑتی ہوئی صورتحال اور خصوصاً معیشت کو تباہ کرنے پر تشویش ہے۔ جرگہ اس امر کو ناگزیر سمجھتا ہے کہ پاکستان کے استحکام اور خوشحالی کے لیے آئین کی بحالی، حقیقی جمہوریت، قوموں کی برابری اور بلوچستان سمیت ملک بھر میں امن امان کے قیام کو یقینی بنایا جائے۔ جرگہ 8 فروری 2024 کے انتخابات کو ملکی تاریخ کا سب سے بڑا فراڈ سمجھتا ہے جس کے نتیجے میں ملک، صوبے اور خصوصاً بلوچستان اور خیبر پشتونخوا دہشت گردی، ڈاکہ زنی، لوٹ کھسوٹ، بین الاقوامی، قومی اور صوبائی شاہراہوں پر سخت ترین خطرات سے دوچار ہے۔ سولین اداروں کی ختم کر دی ہے امن وامان کا نام ونشان تک نہیں۔ مسلسل قتل و غارت، بازاروں کو جلانے اور لوٹنے کی وارداتوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 SEP 2026 Page No. 21

## بلوچستان مسئلے کا حل طاقت نہیں مذاکرات، بی این پی کیچ

**سردار عطاء اللہ مینگل کا ایک ایجنڈا تھا، تعزیتی ریفرنس سے بی ایس او سمیت دیگر جماعتوں کے رہنماؤں کا خطاب**

تربت (نمائندہ انتخاب) بی این پی اور بی ایس او کیچ کے زیر اہتمام سردار عطاء اللہ مینگل کی پانچویں برسی اور شہدائے شاہوانی اسٹیڈیم کی پہلی برسی کی مناسبت سے تربت پریس کلب آڈیٹوریم میں تعزیتی ریفرنس منعقد ہوا، پروگرام دو حصوں پر مشتمل تھا پہلے حصے میں مقررین نے

بقیہ نمبر 52 صفحہ 5 پر

سردار عطاء اللہ مینگل کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر خیالات کا اظہار کیا جبکہ دوسرے حصے میں سیاسی نشست منعقد ہوئی۔ بی این پی سینٹرل کمیٹی کے ممبر [illegible] نے کہا کہ بلوچستان میں طاقت کی بجائے بات چیت کا راستہ اختیار کیا جائے بلوچستان کے مسئلے کا [illegible] نہیں کیا جا سکتا، طاقت سے مسائل کا حل نہیں اس لیے [illegible] بات چیت اور مذاکرات کے ذریعے مسائل کا حل اور بہتری کی گنجائش ہے۔ سیاسی نشست سے بی ایس او کے سابق چیئرمین ڈاکٹر [illegible] بی این پی ایم کے سابق چیئرمین [illegible] ایڈووکیٹ [illegible] اور [illegible] نے بھی خطاب کیا۔

## نواب رئیسانی کے گھر پر حملہ، تحقیقات کرائی جائے، رئیسانی قبیلہ

**رہائش گاہ نہیں بلوچ تاریخ، خطے میں امن اور باہمی ہم آہنگی کا درخشندہ گہوارہ ہے، ترجمان**

واڈھ (پ ر) جھالاوان میں آباد رئیسانی قبیلے نے نواب محمد اسلم رئیسانی اور نوابزادہ حاجی لشکری خان رئیسانی کے مہر گڑھ میں واقع آبائی گھر پر ہونے والے حملے کی مذمت اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے باہمی احترام اور انسانی اقدار کے منافی قرار دیا ہے۔ جھالاوان میں

بقیہ نمبر 64 صفحہ 5 پر

آباد رئیسانی قبیلے کے ترجمان نے بیان میں مزید کہا کہ مہر گڑھ محض ایک رہائش گاہ نہیں بلکہ بلوچ تاریخ، خطے میں امن، بھائی چارے، رواداری اور باہمی ہم آہنگی کا درخشندہ گہوارہ ہے۔ ایک ایسا مقام جو صدیوں سے انسانی و اخلاقی اقدار کا امین ہے اس پر حملہ بلوچستان میں آباد اقوام اور برادریوں کی دل آزاری کا سبب بنا ہے۔ ترجمان نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی فوری اور غیر جانبدارانہ شفاف تحقیقات کر کے حقائق سامنے لائے جائیں۔

## گرلز کالج آپسر کا تعلیمی مسائل کا حل یقینی بنائیں گے، ڈاکٹر عبدالمالک

**سابق وزیر اعلیٰ سے پرنسپل عزیزہ امان کی ملاقات، کالج کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا**

تربت (نمائندہ انتخاب) نیشنل پارٹی کے سربراہ اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے گورنمنٹ گرلز انٹر کالج آپسر کی پرنسپل عزیزہ امان، نیشنل پارٹی آپسر کے صدر احسان درازئی، نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما حاجی غلام یاسین، جنرل کونسلر کہدہ محمد نور، نیشنل پارٹی تحصیل آپسر کے جنرل سیکرٹری واحد بوہیر، نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما اقبال بلوچ، جنرل کونسلر مظفر برکت اور نیشنل پارٹی کے

بقیہ نمبر 71 صفحہ 5 پر

سینئر رہنما کریم جان نور نے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران گرلز انٹر کالج آپسر کو درپیش مسائل اور تعلیمی امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ پرنسپل عزیزہ امان نے کالج کے مسائل سے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو آگاہ کیا۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرانے کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ آپسر کے تعلیمی اداروں کی بہتری اور طلبہ و طالبات کو بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 03 SEP 2026 Page No. 22

[illegible]

INTEKHAB QUETTA

[illegible]

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5    Dated: 03 SEP 2026    Page No. 03


# پنجاب سے آٹے کی سپلائی بند، بلوچستان بھر میں قلت پیدا ہو گئی

اوستہ محمد اور دیگر شہروں میں آٹے کی ترسیل متاثر ہونے سے قلت پیدا ہو گئی، تاجروں نے قیمتوں میں اضافہ کر دیا

آٹے کی سپلائی میں رکاوٹ سے عوام براہ راست متاثر ہو رہے ہیں، وزیر اعلیٰ اور صوبائی وزرا سے نوٹس لینے کا مطالبہ

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد سمیت بلوچستان بھر میں آٹے کی شدید قلت پیدا ہونے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ سندھ سے بلوچستان آٹے کی سپلائی پر مبینہ پابندی کے باعث صورتحال مزید سنگین ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ آٹے کی ترسیل متاثر ہونے سے مارکیٹ میں قلت کے ساتھ قیمتوں میں اضافے کا امکان بھی ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق سندھ حکومت کی جانب سے سندھ اور پنجاب سے بلوچستان آٹے کی سپلائی پر پابندی عائد کیے جانے کے بعد اوستہ محمد سمیت نصیر آباد ڈویژن کے مختلف علاقوں میں آٹے کی ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

دستیابی متاثر ہوئی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روزمرہ استعمال کی بنیادی ضرورت آٹے کی سپلائی میں رکاوٹ سے عوام براہ راست متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ غریب اور متوسط طبقے کے لیے صورتحال مزید پریشان کن شکل اختیار کر رہی ہے۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و رکن صوبائی اسمبلی اوستہ محمد سردار زادہ فیصل خان جمالی اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے سندھ سے بلوچستان آٹے کی سپلائی بحال کرانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، تاکہ آٹے کے ممکنہ بحران پر قابو پایا جا سکے اور عوام کو بنیادی ضرورت کی یہ اہم چیز مناسب نرخوں پر دستیاب ہو۔ شہری حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ آٹے کی مصنوعی قلت، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے بھی مؤثر اقدامات کیے جائیں اور بلوچستان کے مختلف اضلاع میں آٹے کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے۔


INTEKHAB QUETTA


# پسنی: کروڑوں روپے کے واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی مشینری زنگ آلود ہونے لگی

منصوبے کی فزیبلٹی رپورٹ اور مناسب تکنیکی جانچ کے منصوبہ شروع کرنے پر سوالات، اینٹی کرپشن سے ٹھیکیدار کو طلب کر کے تحقیقات کا مطالبہ

پسنی (نامہ نگار انتخاب) پسنی میں کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا سیوریج واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ ناکارہ ہو گیا، میونسپل کمیٹی پسنی کے حوالے کیے جانے کے بعد پلانٹ کی مشینری زنگ آلود ہونے لگی جبکہ منصوبہ اپنے بنیادی مقاصد حاصل کرنے میں بھی ناکام رہا۔ ذرائع کے مطابق اینٹی کرپشن حکام نے منصوبے کے ٹھیکیدار کو طلب کر کے فزیبلٹی رپورٹ اور مناسب تکنیکی جانچ کے منصوبے کی فنڈنگ پر سوالات اٹھائے ... بقیہ نمبر 81 صفحہ 5 پر

[illegible]

# ضلعی ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال خضدار بنیادی سہولیات سے محروم

بہتر سہولت کا منظر پیش کرنے والا ادویات تک میسر نہیں، ہسپتال گندگی کے ڈھیر کا منظر پیش کرنے لگا

خضدار (بیورو رپورٹ) ضلعی ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال خضدار میں ادویات سمیت علاج معالجہ اور صحت کی بنیادی سہولیات کا فقدان ہے۔ ہسپتال آنے والے مریضوں اور عوام کو علاج معالجہ کی کوئی بھی سہولت موجود نہیں۔ لاکھوں نفوس کی آبادی والے شہر کا ہسپتال گندگی، غلاظت اور بدبو کا منظر پیش کرنے لگا۔ مریضوں کا کوئی پرسان حال نہیں، سرکاری ہسپتال میں ادویات کی ... بقیہ نمبر 28 صفحہ 5 پر

[illegible]

# چمن: طور پل پولیس چوکی غیر فعال، عملہ غائب، عمارت کھنڈر بن گئی

علاقے میں چوری و ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ، چوکی فعال کی جائے، مکینوں کا مطالبہ

چمن (نامہ نگار) چمن کی حساس ترین گزرگاہ طور پل پر قائم پولیس چوکی عرصہ دراز سے غیر فعال ہے۔ چوکی سے عملہ غائب اور عمارت کھنڈر کا منظر پیش کر رہی ہے۔ چوکی کے دروازے، کھڑکیاں اور بجلی تک کے پنکھے تک چرا کر لے گئے۔ چوکی کی غیر فعالی کے باعث علاقے میں چوری، رہزنی اور ڈکیتی کی وارداتوں میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو گیا۔ کھنڈر بنی چوکی کا سارا سامان غائب ہے۔ مقامی لوگوں کے مطابق طور پل پولیس چوکی کئی سال سے بند ہے۔ عمارت کی حالت خستہ حال ہے۔ ... بقیہ نمبر 38 صفحہ 5 پر

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 03 SEP 2026 Page No. 24


## بلوچستان حکومت کا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کی تاریخ میں پہلی بار خواتین، بچوں اور بچیوں کی صحت، تحفظ اور بہبود کیلئے انقلابی اقدامات

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان صوبے کے عوام کو بنیادی اور معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، جبکہ ماؤں، بچیوں اور بچوں کی صحت حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ بلوچستان میں صحت کے شعبے میں بہتری اور عوام کو ان کی دہلیز کے قریب طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ کوئٹہ میں انٹیگل ونگ آف ہیلتھ سروسز بلوچستان کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے محکمہ صحت کی کارکردگی کو قابل اطمینان قرار دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت کو دیئے گئے تمام ٹاسک محنت، لگن اور ذمہ داری کے ساتھ مکمل کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اپنے تمام پارٹنرز کے ساتھ کیے گئے کمٹمنٹس کو عملی جامہ پہنانے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں 164 بنیادی مراکز صحت کو فعال بنایا گیا ہے، جس کا مقصد دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو ان کی دہلیز کے قریب بنیادی طبی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ صحت عامہ کی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانا حکومت کی پالیسی کا بنیادی حصہ ہے اور اس ضمن میں مزید اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے ڈیرہ بگٹی کے ایک دور دراز علاقے میں ڈاکٹر باری کی جانب سے ہسپتال کو فعال بنانے کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ایک قابل تحسین مثال ہے کہ محدود وسائل کے باوجود عزم اور محنت سے عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کی جا سکتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مذکورہ ہسپتال میں پہلی مرتبہ ایک بچے کی پیدائش ہوئی، جس کا نام بخت محمد رکھا گیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ امن و امان کے حوالے سے ان کے موقف پر تنقید کی جاتی ہے، تاہم انہیں اس تنقید کی کوئی پرواہ نہیں۔ حکومت کا مقصد وقت ضائع کرنا نہیں بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے عوام کے مسائل حل کرنا ہے۔ بلوچستان کا ہر بچہ بنیادی سہولیات کا حق رکھتا ہے اور حکومت اس حق کی فراہمی کو اپنی ذمہ داری سمجھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں مثبت اور پائیدار تبدیلی کے عمل میں محکمہ صحت کو ہیوی فرنٹ لائن پر پایا جائے گا۔ حکومت صوبے کے عوام کو بہتر، معیاری اور قابل رسائی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے موجودہ اقدامات کو مزید وسعت دے گی تاکہ صحت کے شعبے میں دیرپا بہتری لائی جا سکے۔ بہرحال بلوچستان حکومت نے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کی تاریخ میں پہلی بار خواتین، بچوں اور بچیوں کی صحت، تحفظ اور بہبود کے لیے کئی انقلابی اور تاریخی اقدامات اٹھائے ہیں۔ حکومت نے روایتی نعروں کے بجائے عملی قانون سازی اور زمینی سطح پر ٹھوس اقدامات کو فعال کرنے پر توجہ مرکوز کی ہے۔ بلوچستان اسمبلی نے خواتین کی زچگی اور ماؤں کی صحت کی سہولیات کو قانونی تحفظ دینے کے لیے تولیدی صحت کا تاریخی بل منظور کیا ہے۔ بچوں کو مشقت سے بچانے کے لیے چائلڈ لیبر پر پابندی کا قانونی بل پاس کیا گیا۔ مزید برآں بچیوں کی صحت و تعلیم کو ترجیح دیتے ہوئے شادی کی کم از کم عمر بڑھا کر 18 سال کرنے کا عزم کیا گیا ہے۔ تیزاب گردی کا شکار ہونے والی خواتین کے لیے مفت علاج، بحالی اور مجرموں کو سخت سزائیں دینے کا قانون منظور کیا گیا ہے۔ دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں مقیم ماؤں اور بچوں کو گھر کی دہلیز پر علاج فراہم کرنے کے لیے 164 پرائمری ہیلتھ کیئر سینٹرز کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل فعال کر دیا گیا ہے۔ ڈیرہ بگٹی جیسے دور افتادہ علاقوں کے ہسپتالوں کو فعال کیا گیا، جہاں تاریخ میں پہلی بار سرکاری سطح پر محفوظ زچگی (چائلڈ برتھ) ممکن بنائی گئی ہے۔ بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے تحت لاکھوں غریب خاندانوں کا مفت علاج کیا جا رہا ہے۔ اس کارڈ کے ذریعے اب تک خواتین کی 24,000 سے زائد نارمل زچگی اور 20,000 سے زائد سیزیرین آپریشنز مکمل طور پر مفت کیے جا چکے ہیں۔ ہیلتھ کارڈ کے ذریعے دل کے امراض میں مبتلا 304 معصوم بچوں کے دل کے آپریشن مفت کروائے گئے ہیں۔ ماؤں اور بچوں میں غذائی قلت اور اسٹنٹنگ (قد کا نہ بڑھنا) کے خاتمے کے لیے صوبائی بجٹ میں 1.5 ارب روپے کی بھاری رقم مختص کی گئی ہے۔ عالمی ادارے ڈبلیو ایف پی کے تعاون سے حاملہ خواتین اور دو سال تک کی عمر کے بچوں کی نشوونما کے لیے "فرسٹ 1000 ڈیز" نامی خصوصی نیوٹریشن پروگرام چلایا جا رہا ہے۔ یونیسیف کے تعاون سے صوبے میں ڈیجیٹل ہیلتھ گورننس اور ادویات کی مانیٹرنگ کا نظام نافذ کیا گیا ہے اس سے ماؤں اور بچوں کی ویکسینیشن حفاظتی ٹیکوں اور ادویات کی فراہمی میں شفافیت آئی ہے۔ صوبے کے مختلف ڈویژنوں ژوب، لورالائی، سبی، نصیر آباد، قلات وغیرہ میں 24 کروڑ روپے کی لاگت سے ویمن سیف ہومز قائم اور اپ گریڈ کیے جا رہے ہیں جہاں گھریلو تشدد کی شکار خواتین اور ان کے بچوں کو محفوظ چھت، طبی امداد اور نفسیاتی کونسلنگ فراہم کی جا رہی ہے۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے ان تمام تر انقلابی اقدامات سے خواتین، بچے اور بچیاں مستفید ہو رہی ہیں جبکہ عوام کے دیرینہ طبی مسائل حل ہونے میں مدد مل رہی ہے۔ امید ہے کہ صحت کے شعبے میں مزید بہتری لائی جائے گی اور بلوچستان کے عوام کو جدید طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی تاکہ صوبے میں صحت کا شعبہ مثالی بن سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

6 Daily: MEEZAN QUETTA 03 SEP 2026

Bullet Page No. 25

# عوامی مسائل کے حل میں غفلت برداشت نہیں کی جائیگی!

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ میر سرفراز بگٹی نے جب سے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے وہ عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے کوشاں ہیں۔اب تک انہوں نے عوام کے بڑے مسائل حل کرنے کے اقدامات کیئے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ صحیح معنوں میں ایک عوامی نمائندہ ہونے کا حق ادا کررہے ہیں۔حلقے کے عوام نے ان کو اپنا نمائندہ جبکہ اراکین اسمبلی نے ان کو وزیراعلیٰ بلوچستان بنایا ہے اس لیے وہ اس ضمن میں احسن اقدامات کرکے عوام اور اراکین اسمبلی کے اعتماد پر پورا اتر رہے ہیں جو کہ یقیناً بلوچستان کے عوام کی خوش نصیبی ہے کہ ان کو ایک ایسا عوامی نمائندہ ملا ہے جو صوبے اور عوام کی خاطر اپوزیشن کو بھی ساتھ لے کر چل رہے ہیں وہ حکومتی اور اپوزیشن اراکین میں کوئی فرق نہیں رکھ رہے ہیں تاکہ اپوزیشن حلقوں میں بھی عوام کے مسائل حل ہوں اور ان کے منتخب اراکین اسمبلی اپنے حلقوں میں کام کرسکیں۔

گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی اور دیگر معتبرین سے ملاقات کے دوران اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔حکومت بلوچستان میں تعلیم، صحت، روزگار، امن وامان اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں بہتری کے لیے مربوط اقدامات کررہی ہے۔صوبے کے دور دراز علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنا حکومت کی پالیسی کا اہم حصہ ہے۔حکومت عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی پائیدار ترقی کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے حکومت کی اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور گورننس کے نظام کو مزید موثر بنانا ہے۔بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چل رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اجتماعی مشاورت اور باہمی تعاون کے ذریعے بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ عوامی مسائل کے حل کے سلسلے میں صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی اور دیگر معتبرین سے ملاقات کے دوران کی جانےوالی مذکورہ بات چیت قابل تعریف اقدام ہے جس میں انہوں نے ایک بار پھر واضح کردیا ہے کہ وہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کریں گے۔اس کے علاوہ صوبائی حکومت اہم شعبوں میں بہتری کے لیے موثر مربوط اقدامات کررہی ہے اس میں مزید تیزی لانی چاہئے کیونکہ ان شعبوں میں اب بھی مسائل موجود ہیں جن کا تعلق براہ راست عوام سے ہے اس لیے ان کا جلد از جلد حل بہت ہی ناگزیر ہے۔

امید ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے مذکورہ بیان کو عملی جامہ پہنانے کے لیے متعلقہ حکام کو واضح ہدایات دیں گے۔اس کے ساتھ ان پر چیک اینڈ بیلنس کا نظام بھی رائج کریں گے تاکہ ان کی مانیٹرنگ ہوسکے اور مسائل کے حل میں کوئی غفلت اور سست روی کا مظاہرہ نہ ہو۔کیونکہ مانیٹرنگ نہ ہونے کے باعث کاموں میں رکاوٹیں ڈالی جاتی ہیں جو کہ یقیناً عوام کے مفاد میں نہیں ہے۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No: 6

Dated: 03 SEP 2020 Page No: 9

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 03 Sep 2026 Page No. 07

# Modern libraries

The recent initiative led by Provincial Education Minister Raheela Hameed Khan Durrani to enrich college libraries marks a vital turning point for academic development in Balochistan. During a grand ceremony held at Government Postgraduate Girls College Quetta Cantt, modern and quality books were distributed to the libraries of twenty-one male and female colleges in Quetta, beginning with the principals of girls colleges in the first phase. This commendable step underscores a growing recognition that true educational reform extends far beyond the construction of classrooms and infrastructure; it requires nourishing the minds of students through accessible, high-quality literature and research materials.

Addressing the gathering, the Minister emphasized that the current provincial government is utilizing all available resources to foster a robust educational environment and enhance student facilities. Following previous initiatives that introduced scholarships, buses, and laptops, the concerted focus on upgrading college libraries represents a crucial missing link in the holistic support system for learners.

Quality books are foundational to cultivating critical thinking, elevating intellectual standards, and driving meaningful academic research. By actively investing in library resources, the government is laying down the stepping stones for a more enlightened and capable student body. However, while distributing books' to twenty-one colleges in Quetta is an encouraging milestone, it must be viewed as the beginning of a much larger journey. To truly transform the educational landscape, the government must prioritize the establishment of maximum libraries across every district and remote corner of the province.

Education cannot remain centralized in urban hubs like Quetta; rural students deserve equal access to contemporary knowledge, scientific journals, and global literature. Furthermore, simply stocking shelves is not enough. Educational institutions must foster a vibrant reading culture that actively encourages students to step away from screens and immerse themselves in physical books. Teachers and administrators have a shared responsibility to guide students toward literature that broadens their horizons and challenges their perspectives.

Sustained funding, regular updates to library catalogs, and comfortable, modern reading spaces are imperative for these efforts to bear fruit. The provincial leadership has demonstrated a clear commitment to educational uplift through this latest endeavor. By building upon this momentum and expanding library infrastructure province-wide, Balochistan can empower its youth to compete on national and global platforms. Ultimately, a well-read and well-equipped generation is the most valuable asset a society can possess, and every policy measure must align with this noble vision.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 03 SEP 2026 Page No. 28


## بلوچستان اور تعلیم کی زبوں حالی

وزیر اعظم میاں شہباز شریف کی وفاقی حکومت صوبہ بلوچستان کی ترقی کے بارے میں سنجیدہ ہیں۔ انہوں نے گزشتہ دنوں اسلام آباد میں بلوچستان کے بارے میں منعقدہ ورکشاپ میں اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے جامع اقدامات ہونے چاہئیں۔ انہوں نے اس نکتے پر خاص طور پر زور دیا کہ حکومت بلوچستان کی ترقی کے بارے میں سنجیدہ ہے۔ بلوچستان میں تعلیم کا بحران کوئی نئی بات نہیں۔ سرکاری اور بین الاقوامی اداروں کی رپورٹس کے مطابق صوبے میں اس وقت تقریباً 28 سے 30 لاکھ بچے اسکولوں سے باہر ہیں۔ اسکول جانے کی عمر کے بچوں کی مجموعی تعداد تقریباً 60 لاکھ بتائی جاتی ہے۔ اس حساب سے بلوچستان کے تقریباً 45 سے 50 فیصد بچے تعلیم کے بنیادی حق سے محروم ہیں۔ یہ دراصل اس تعلیمی نظام کے لیے ایک بڑا سوالیہ نشان ہے، جو بظاہر بدانتظامی اور عدم فعالیت کا اس قدر عادی ہو چکا ہے کہ کئی سرکاری تعلیمی ادارے بند بھی رہتے ہیں اور اس کے باوجود کسی ذمے دار سے سنجیدگی سے باز پرس نہیں ہوتی۔ ذرا تصور کیجیے، جس طالب علم نے 2004 میں کالج میں داخلہ لیا تھا، وہ آج چالیس کی دہائی میں پہنچ چکا ہوگا۔ اگر وہ اس ادارے سے تعلیم حاصل کرتا تو شاید آج کسی صنعت، ورکشاپ، سرکاری یا نجی ادارے میں خدمات انجام دے رہا ہوتا، اپنا گھر چلا رہا ہوتا اور بلوچستان کی معیشت میں اپنا کردار ادا کر رہا ہوتا، لیکن ایسے ادارے جو نوجوانوں کو ہنر اور روزگار کے قابل بنانے کے لیے عوامی وسائل سے قائم کیے جاتے ہیں، وہ عدم فعالیت کی بناء پر غیر متعلق ہو جاتے ہیں۔ اصل سوال صرف یہ نہیں کہ ایسا کیوں ہوتا ہے؟

اس سے بڑا سوال یہ ہے کہ مختلف حکومتوں نے برسوں سے جاری اس صورتحال کو ٹھیک کرنے کی کوشش کیوں نہیں کی؟ تعلیم کے سیکریٹری کہاں تھے؟ متعلقہ ڈائریکٹرز، پرنسپلز، افسران اور انسپکٹرز کہاں تھے؟ سالانہ کارکردگی کا جائزہ کہاں تھا؟ صوبائی اسمبلی میں نوجوانوں اور تعلیم کی بات کرنے والے منتخب نمائندے کہاں تھے؟ فنی تعلیم کے ذمے دار محکمے نے تعلیمی اداروں کی فعالیت




بحال کرنے کے لیے کیا کیا؟ اور بلوچستان کی سیاسی قیادت اس وقت کہاں تھی جب بلوچستان کے لوگوں کی کئی نسلیں بغیر تعلیم کے رہ گئیں؟ یہ سوالات بلوچستان کے تعلیمی نظام کی اس گہری بیماری کو ظاہر کرتے ہیں جہاں اکثر عمارت، بجٹ، اسامیاں، فائلیں اور انتظامی کارروائیاں اصل مقصد یعنی طالب علم اور تعلیم پر غالب آ جاتی ہیں۔ کسی اسکول، کالج اور یونیورسٹی کی عمارت تعمیر کر دینا اور اسے تعلیمی ادارہ بنا دینا دو مختلف چیزیں ہیں۔ عمارت بن سکتی ہے، افتتاح ہو سکتا ہے، منصوبہ منظور ہو سکتا ہے، بجٹ جاری ہو سکتا ہے اور تختی بھی لگ سکتی ہے، لیکن اگر وہاں کلاسز نہیں ہو رہیں، اساتذہ موجود نہیں، آلات دستیاب نہیں اور طلبہ تعلیم حاصل نہیں کر رہے تو ایسی عمارت کامیابی نہیں بلکہ انتظامی ناکامی کی علامت بن جاتی ہے۔

دانشور حلقے بجا طور پر یہ سوال اٹھاتے ہیں کہ تعلیمی اداروں کی عمارتیں اور انفراسٹرکچر پر خرچ ہونے والا عوامی پیسہ ضائع تو نہیں ہو گیا، لیکن سوال صرف عمارتوں تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔ کئی دہائیوں کے دوران تعلیمی اداروں کے لیے مختص ہونے والے بجٹ، تنخواہوں، دیکھ بھال، انتظامی اخراجات اور دیگر وسائل کا بھی حساب ہونا چاہیے۔ یہ جاننا ضروری ہے کہ اس تمام خرچ کے بدلے عوام کو کیا ملا؟ بلوچستان کو آج سب سے زیادہ ضرورت تعلیم اور ہنر کی ہے۔ ایک ایسا صوبہ جہاں روزگار کے مواقع محدود ہیں، وہاں تعلیم نوجوانوں کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کا سب سے مؤثر ذریعہ بن سکتی ہے۔ صوبے کو ٹیکنیشنز، انجینئرز، ہنرمند کارکنوں، صحت کے شعبے سے وابستہ تربیت یافتہ افراد اور جدید معیشت کے تقاضوں سے ہم آہنگ نوجوانوں کی ضرورت ہے۔ یہ سوالات صرف کسی ایک اسکول، کالج اور یونیورسٹی تک محدود نہیں۔ ان کے جوابات پورے بلوچستان کے تعلیمی نظام کی اصل تصویر سامنے لا سکتے ہیں۔ برسوں سے تقاریر میں تعلیم کو ترجیح قرار دیا جاتا رہا ہے، مگر زمینی حقیقت مختلف دکھائی دیتی ہے۔ لاکھوں بچے اسکول سے باہر ہیں، تعلیمی ادارے بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، اساتذہ کی تعیناتی اور دستیابی کے مسائل موجود ہیں اور فنی تعلیم صوبے کی ضرورت کے مقابلے میں انتہائی کمزور ہے۔ نتیجہ بھی ہمارے سامنے ہے۔ نوجوان تعلیم اور ہنر سے محروم رہتے ہیں، روزگار کے مواقع کم ہوتے ہیں، غربت بڑھتی ہے اور پھر حکومت بے روزگاری اور ہنرمند افرادی قوت کی کمی پر تشویش کا اظہار کرتی ہے۔ یوں ایک ایسا چکر پیدا ہو جاتا ہے جسے خود تعلیمی نظام مزید مضبوط کرتا رہتا ہے۔

اب وقت آ گیا ہے کہ تعلیمی ترقی کو صرف تعمیر ہونے والی عمارتوں، منظور شدہ اسکیموں اور جاری کیے گئے بجٹ سے نہ ناپا جائے۔ اصل پیمانہ بہت سادہ ہے۔ کیا بچے پڑھ رہے ہیں؟ کیا کالج چل رہے ہیں؟ کیا نوجوان ہنر حاصل کر رہے ہیں؟ کیا فارغ التحصیل طلبہ روزگار حاصل کرنے کے قابل ہو رہے ہیں؟ اگر جواب نفی میں ہے تو پھر خوبصورت اعداد و شمار اور سرکاری دعوے بھی تعلیمی کامیابی ثابت نہیں کر سکتے۔ عوام کو معلوم ہونا چاہیے کہ بلوچستان میں تعلیم کے زوال کا ذمے دار کون تھا اور کون ہے؟ تعلیم پر کتنے وسائل خرچ ہوئے اور اب پورے بلوچستان میں کتنے پرائمری اسکول اور ہائی اسکول فعال ہیں؟ قیام پاکستان کو ستر سال سے زائد عرصہ بیت چکا ہے، قوموں کی زندگی میں اسے مختصر نہیں بلکہ بہت طویل عرصہ سمجھا جاتا ہے، پوری دو نسلیں اس دوران جوان ہو جاتی ہیں۔ ان تعلیمی اداروں کو کسی رسمی افتتاح یا نمائشی بحالی کی ضرورت نہیں۔ انہیں کلاس روم کھولنے، اساتذہ لانے، جدید آلات فراہم کرنے اور نوجوانوں کو تعلیم و ہنر دینے کی ضرورت ہے اور سب سے بڑھ کر بلوچستان کے تعلیمی حکام کو یہ جواب دینا ہوگا کہ بلوچستان کے بچوں کو تعلیم کا جو حق آئین نے دیا ہے، وہ اب تک انہیں کیوں نہیں دیا گیا؟ بلوچستان کے نوجوانوں کو مزید وعدے نہیں، فعال تعلیمی ادارے، جوابدہ حکام اور ایسا نظام چاہیے جو فائلوں نہیں بلکہ طلبہ کے مستقبل کے لیے کام کرے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 03 SEP 2026 Page No. 29

# صحت کی دہلیز تک رسائی، بلوچستان کی نئی امید

بلوچستان کا جغرافیہ جتنا وسیع ہے، صحت کے مسائل بھی اتنے ہی پیچیدہ ہیں۔ پہاڑوں، ریگستانوں اور



دور دراز آبادیوں میں بکھرے ہوئے لاکھوں لوگوں کے لیے ایک بنیادی طبی مرکز تک پہنچنا بھی بعض اوقات ایک مشکل سفر بن جاتا ہے۔ خصوصاً خواتین، بچوں اور بزرگوں کے لیے بروقت طبی سہولت کا نہ ملنا صرف ایک انتظامی مسئلہ نہیں بلکہ انسانی زندگی سے جڑا ہوا معاملہ ہے۔ ایسے میں بلوچستان حکومت کی جانب سے بنیادی مراکز صحت کو فعال بنانے اور PackageEssential ServicesHealthof کے آغاز کو ایک اہم پیش رفت کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ صوبے کے عوام کو بنیادی اور معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ یہ بات اپنی جگہ اہم ہے، لیکن اصل کامیابی اس وقت بھی جائے گی جب یہ ترجیح کاغذی پالیسی سے نکل کر بلوچستان کے دور افتادہ گاؤں، تحصیل اور یونین کونسل کی سطح پر ایک عام شہری کی زندگی میں محسوس ہو۔

صحت کا شعبہ کسی بھی معاشرے کی ترقی کا بنیادی پیمانہ ہوتا ہے۔ اگر ایک ماں کو زچگی کے وقت بروقت طبی امداد میسر نہ ہو، اگر کسی بچے کو معمولی بیماری کے علاج کے لیے کئی گھنٹوں کا سفر کرنا پڑے یا کسی دور افتادہ علاقے کے رہائشی کو بنیادی تشخیص کے لیے ضلعی ہیڈکوارٹر کا رخ کرنا پڑے تو ترقی کے دوسرے تمام دعوے اپنی معنویت کھو دیتے ہیں۔

اس پس منظر میں بلوچستان کے 164 بنیادی مراکز صحت کو فعال بنانا ایک قابلِ ذکر قدم ہے۔ تاہم ان مراکز کو صرف عمارتوں کے طور پر فعال کرنا کافی نہیں۔ ان میں ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکل اسٹاف، ادویات، تشخیصی سہولیات، بجلی، پانی اور ضروری طبی آلات کی مسلسل دستیابی بھی ضروری ہے۔ بنیادی صحت مراکز کی اصل کامیابی مریضوں کی تعداد یا افتتاحی تختیوں سے نہیں بلکہ اس اعتماد سے ناپی جائے گی جو عام آدمی ان مراکز پر کرے گا۔

وزیر اعلیٰ کی تقریر میں ماؤں، بچیوں اور بچوں کی صحت کو خصوصی ترجیح دینے کا ذکر بھی انتہائی اہم ہے۔ بلوچستان میں صحت کے مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے خواتین اور بچوں کو مرکزِ نگاہ بنانا ناگزیر ہے۔ ایک صحت مند ماں ہی صحت مند خاندان کی بنیاد رکھتی ہے، جبکہ بچے کی زندگی کے ابتدائی سال اس کے مستقبل کی بنیاد بنتے ہیں۔ زچگی کی سہولیات، بچوں کی ویکسینیشن، غذائیت، ابتدائی تشخیص اور خواتین کے لیے باعزت اور محفوظ طبی ماحول ایسے شعبے ہیں جن میں مسلسل سرمایہ کاری کے نتائج نسلوں تک محسوس ہوتے ہیں۔

ڈیرہ بگٹی کے ایک دور افتادہ علاقے میں ہسپتال



تحریر:- خلیل احمد

فعال ہونے کے بعد پہلی مرتبہ بچے کی پیدائش اور اس نومولود کا نام "بخت محمد" رکھا جانا بظاہر ایک چھوٹا سا واقعہ ہے، لیکن اس کے اندر ایک بڑی کہانی چھپی ہوئی ہے۔ یہ اس بات کی علامت ہے کہ جب ریاست کسی دور افتادہ علاقے میں اپنی طبی سہولت پہنچاتی ہے تو وہاں صرف ایک عمارت فعال نہیں ہوتی بلکہ لوگوں کے اندر ریاست پر اعتماد بھی پیدا ہوتا ہے۔

بلوچستان کے مسائل کا حل صرف بڑے شہروں میں بڑے ہسپتال بنانے سے نہیں نکلے گا۔ کوئٹہ، تربت، خضدار یا دیگر بڑے مراکز میں جدید طبی سہولیات اپنی جگہ ضروری ہیں، لیکن صوبے کی اصل ضرورت ایک مضبوط HealthcarePrimary System ہے جو بیماری کو سنگین ہونے سے پہلے روک سکے۔ بنیادی مرکزِ صحت اگر مؤثر انداز میں کام کرے تو مریض کو معمولی بیماری کے لیے بڑے ہسپتال جانے کی ضرورت کم پڑ سکتی ہے اور بڑے ہسپتالوں پر غیر ضروری دباؤ بھی کم ہوگا۔

یہاں HealthofPackageEssential Services کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ اگر اس پیکیج کے تحت بنیادی سطح پر ضروری طبی خدمات، ادویات، ماں اور بچے کی صحت، ویکسینیشن، غذائیت، تشخیص اور ریفرل کا ایک مربوط نظام قائم کیا جاتا ہے تو یہ بلوچستان کے صحت کے نظام میں ایک بنیادی تبدیلی کا آغاز بن سکتا ہے۔

لیکن اس سفر میں ایک اور چیلنج بھی موجود ہے: تسلسل۔ بلوچستان میں ماضی میں متعدد منصوبے شروع ہوئے، عمارتیں تعمیر ہوئیں اور اعلانات بھی کیے گئے، مگر بعض منصوبے مستقل نگرانی اور وسائل کی کمی کے باعث مطلوبہ نتائج نہ دے سکے۔ اس مرتبہ ضرورت اس امر کی ہے کہ فعال کیے گئے مراکزِ صحت کی کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے، عملے کی حاضری یقینی بنائی جائے اور جہاں کمی ہو وہاں فوری اصلاح کی جائے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا یہ کہنا کہ حکومت اپنا وقت ضائع نہیں کرے گی اور بلوچستان کے ہر بچے کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے، دراصل ایک بڑے عزم کا اظہار ہے۔ اس عزم کو عملی شکل دینے کے لیے صحت، تعلیم، صاف پانی، غذائیت اور سماجی تحفظ کے شعبوں کو ایک دوسرے سے جوڑنا ہوگا۔ کیونکہ ایک بیمار بچہ صرف صحت کا مسئلہ نہیں؛ وہ تعلیم، خاندان کی آمدن اور معاشرے کے مستقبل سے بھی جڑا ہوا مسئلہ ہے۔

بلوچستان میں مثبت اور پائیدار تبدیلی کے لیے محکمہ صحت کا فرنٹ لائن پر رہنا ضروری ہے۔ مگر اس کے ساتھ سول سوسائٹی، عالمی اور قومی ترقیاتی شراکت داروں، مقامی انتظامیہ اور خود کمیونٹی کو بھی اس عمل کا حصہ بنانا ہوگا۔ حکومت اور اس کے پارٹنرز کے درمیان کیے گئے کمٹمنٹس کو عملی جامہ پہنانے کا بہترین طریقہ یہی ہے کہ منصوبوں کے نتائج کو عوام کی زندگی میں دیکھا جائے۔

امن و امان کے حوالے سے وزیر اعلیٰ کے مؤقف پر تنقید اپنی جگہ، لیکن بلوچستان میں پائیدار امن اور ترقی کے لیے ریاستی اداروں کی کارکردگی کا عوام کی روزمرہ زندگی سے جڑنا ضروری ہے۔ جب ایک دور افتادہ علاقے کا شہری اپنے قریب ڈاکٹر، دوا اور بنیادی طبی سہولت پاتا ہے تو ریاست کے ساتھ اس کا تعلق محض انتظامی نہیں رہتا بلکہ اعتماد میں تبدیل ہوتا ہے۔

بلوچستان کو آج ایسے ہی اعتماد کی ضرورت ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ 164 بنیادی مراکزِ صحت کی فعالیت ایک آغاز ثابت ہو، اختتام نہیں۔ اگر حکومت اس رفتار کو برقرار رکھتے ہوئے بنیادی صحت کے نظام کو مضبوط، شفاف اور جواب دہ بنا دیتی ہے تو آنے والے برسوں میں بلوچستان کی صحت کی تصویر تبدیل ہو سکتی ہے۔

آخرکار ترقی کا سب سے خوبصورت منظر یہی ہے کہ ایک ماں اپنے بچے کو علاج کے لیے دور دراز شہر لے جانے کے بجائے اپنے قریب موجود مرکزِ صحت میں محفوظ طبی سہولت حاصل کرے، ایک نومولود محفوظ ماحول میں دنیا میں آئے اور ایک غریب خاندان بیماری کے علاج کے لیے اپنی جمع پونجی ختم کرنے پر مجبور نہ ہو۔

بلوچستان کے لیے صحت کی یہی حقیقی تبدیلی ہوگی — جب علاج سہولت نہیں بلکہ شہری کا بنیادی حق بن جائے، اور یہ حق اس کی دہلیز تک پہنچے۔